# 2482 ـ عورت کا انگشت شہادت اور انگوٹھے میں انگوٹھی پہننے کا حکم

**سوال**

میں عورت کے انگوٹھی پہننے کے متعلق سوال کرنا چاہتی ہوں کہتے ہیں کہ عورت کا اپنے انگوٹھے اور انگشت شہادت میں انگوٹھی پہننا کفار کے ساتھ مشابہت ہے، آپ سے گزارش ہے کہ اس کی وضاحت فرمائیں.

**پسندیدہ جواب**

الحمد للہ.

عورت اپنے سارے ہاتھ میں انگوٹھی پہن سکتی ہے، امام نووی رحمہ اللہ کہتے ہیں:

" مسلمان اس پرمتفق ہیں کہ مرد کے لیے اپنی چھنگلی (سب سے چوٹی انگلی ) میں انگوٹھی پہننا سنت ہے، لیکن عورت کے لیے اپنی ساری انگلی میں انگوٹھی پہننا جائز ہے " اھـ

شرح مسلم للنووی. اور عون المعبود ( 11 / 286 ).

واللہ اعلم .